## سوال

(803)سفید بالوں کو رنگو مگر سیاہ نہ کرو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ سفید بالوں کو رنگو مگر سیاہ نہ کرواکثر لوگ اور خاص کر علمائے کرام حدیث کے مخالف عمل کرتے ہیں اور سر اور داڑھی کو نہیں رنگتے نہ رنگنے کے بارے بھی کوئی حدیث ہے ؟ ملک محمد یعقوب ہری پور

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں کو رنگنے کا بھی ذکر ہے اور نہ رنگنے کا بھی جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا رنگنے سے متعلق امر ندب پر محمول ہے البتہ کل کے کل بال سفید ہوجائیں کوئی ایک بال بھی سیاہ نہ رہے تو پھر رنگنے کی مزید تاکید ہے جیسا کہ ابوقحافہ والدابی بکر رضی اللہ عنہما والی حدیث سے عیاں ہے ۔ 5

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

---

5[مسلم ۔ کتاب اللباس ۔ باب استحباب خضاب الشیب بصفرة وحمرة وتحریمه بالسواد]

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص524

محدث فتویٰ